# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 25 March-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۵/مارچ ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**سب سے پہلے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ پارلیمانی انتخابات کیلئے بی جے پی کی جانب سے امیدواروں کی پانچویں جبکہ کانگریس کی تین امیدواروں کی فہرست جاری۔

☆ قومی سماج پارٹی عظیم اتحاد کے ساتھ: مہادیو جانکر کی صفائی؛ جبکہ وجئے شیوتارے بارامتی سے انتخاب لڑنے پر بضد۔

☆ مراٹھا ریزرویشن 50 فیصد تک محدود ہونے پر ہی قابلِ قبول: منوج جرانگے پاٹل۔

اور۔۔ ☆ ہولی دَہن کے بعد آج ہر طرف دھولی وَندن کا جوش وخروش۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

پارلیمنٹ کے آئندہ عام انتخابات کیلئے بی جے پی نے امیدواروں کی پانچویں جبکہ کانگریس نے تین اُمیدواروں کی فہرست جاری کی ہے۔ بی جے پی نے ملک بھر کی 111 نشستوں کے اُمیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے٬ جس میں مہاراشٹر کے تین اُمیدوار شامل ہیں٬ جن میں شولاپور لوک سبھا انتخاب کیلئے رام ساتپوتے٬ بھنڈارا۔ گوندیا کیلئے سنیل مینڈھے اور گڑھ چرولی۔ چیمور کیلئے اشوک نیتے کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔

ہماچل پردیش کے منڈی حلقۂ انتخاب سے فلم اداکار کنگنا رانوت٬ جبکہ اُترپردیش کے میرٹھ سے اداکار اَرون گووِل کے ناموں کا اعلان کیا گیا ہے۔

دریں اثنا ناگپور ضلعے کے اُمریڈ کے کانگریس پارٹی کے رکنِ اسمبلی راجو پاروے نے اپنی پارٹی رُکنیت اور اسمبلی رُکنیت سے استعفیٰ دے دیا اور وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کی موجودگی میں کل شیوسینا شندے گروپ میں شمولیت اختیار کرلی۔

کانگریس پارٹی نے بھی کل تین اُمیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا۔ جس میں چندرپور پارلیمانی حلقہ سے پرتیبھا دھانورکر کو اُمیدواری دی گئی ہے۔

***** ***** *****

قومی سماج پارٹی عظیم اتحاد کے ساتھ ہی رہنے کی اطلاع پارٹی قائد مہادیو جانکر نے دی ہے۔ کل ممبئی میں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے٬ نائب وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس اور اجیت پوار سے ملاقات کے بعد انھوں نے یہ اطلاع دی۔ اس میٹنگ میں جانکر نے کہا کہ قومی سماج پارٹی کو ایک لوک سبھا نشست دینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ عظیم اتحاد کے ہر امیدوار کو کامیاب کرنے کیلئے ہم پوری کوشش کریں گے۔

***** ***** *****

شیوسینا رہنما اور سابق وزیر وجئے شیوتارے نے بارامتی لوک سبھا حلقۂ انتخاب سے الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئندہ 12 اپریل کو امیدواری پرچہ داخل کرنے کی اطلاع انھوں نے دی۔ وہ کل پُرندر میں کارکنان کے اجلاس کے بعد مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ دیہی علاقوں سے پوار خاندان کے دبدبہ کو ختم کرنے کیلئے ہم انتخابات میں حصہ لے رہے ہیں۔

***** ***** *****

پارلیمانی انتخابات کیلئے کانگریس پارٹی کے سینئر رہنما و سابق وزیرِ اعلیٰ پرتھوی راج چوہان کی صدارت میں ریاستی کانگریس کی تشہیری کمیٹی قائم کی گئی ہے۔کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے ٗ قانون ساز اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف وِجئے وڑیٹیوار ٗ اَمت دیشمکھ ٗ بُرگیا[4] ساتو سمیت 58 اراکین اس کمیٹی میں شامل ہیں۔

***** ***** *****

مراٹھا ریزرویشن تحریک کے رہنما منوج جرانگے پاٹل نے کہا ہے کہ اگر ریاستی حکومت مراٹھا سماج کو 50 فیصد حد میں دس فیصد ریزرویشن فراہم کرتی ہے تو ہی اسے قبول کیا جائے گا۔ جالنہ ضلع کے آنتروالی سراٹی میں کل مراٹھا تنظیموں کے ذمہ داران کا ایک اجلاس ہوا۔اس موقع پر وہ مخاطب تھے۔ انھوں نے کہا کہ قریبی رشتہ داروں سمیت مراٹھا سماج کو تحریری شکل میں ضمانت دینے والے امیدوار کو ہی حمایت دیئے جانے کی اپیل انھوں نے کی۔ انھوں نے اپیل کی کہ لوک سبھا انتخاب کیلئے ہر گاؤں سے امیدوار کھڑا کرنے کے بجائے ضلع سے ایک ہی اُمیدوار کو کھڑا کیا جائے۔کس گاؤں سے کس کو اُمیدواری دینا ہے اس کا فیصلہ 30 تاریخ تک کرلیں۔انھوں نے وضاحت کی کہ وہ انتخابی میدان میں نہیں اُتریں گے۔

***** ***** *****

بہار کے موسم کو خوش آمدید کہنے کے لئے آج ملک بھر میں رنگوں کا تہوار ہولی منایا جارہا ہے۔صدرِ جمہوریہ دَروپدی مُرمو نے ہم وطنوں کو ہولی تہوار کی مبارکبادی ہے۔انھوں نے اپنے مبارکبادی پیغام میں کہا کہ یہ تہوار عوام کی زندگی میں مثبت توانائی لائے۔

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی عوام کو مبارکباد دی اور کہا کہ یہ رَنگوں کا تہوار ہر ایک ہی زندگی میں نئی توانائی لائے۔

گورنر رمیش بَیس اور وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے بھی دھولی وَندن کے موقع پر ریاست کی عوام کو مبارکباد دی ہے۔ بھائی چارہ کی علامت ہونے والا یہ رنگوں کا تہوار ہر ایک کی زندگی میں رنگ بھر دے۔گورنر نے کہا کہ ملک میں بھائی چارہ اور مضبوط ہو۔

ہولی کا تہوار کل ہر طرف روایتی طریقہ سے منایا گیا۔کل شام گھروں میں سائی بابا سنستھان ٹرسٹ کی جانب سے گرواستھان مندر کے سامنے ہولی جلائی گئی۔اس موقع پر شرڈی کی عوام کثیر تعداد میں موجود تھی۔

ناندیڑ ضلعے کے ماہور قلعے پر بھی روایتی جوش وخروش سے ہولی جلائی گئی۔

احمد نگر ضلعے میں خانہ بدوش کی پنڈھری کے طور پر مشہور مڑھی میں کانی ناتھ کی یاترا کل سے شروع ہوئی۔ یہ یاترا گڈی پاڑوا تک جاری رہے گی۔ بلڈانہ ضلعے کے سیلانی بابا یاترا ابھی کل سے شروع ہوئی۔عقیدت مندوں کی کثیر تعداد کی موجودگی میں ہزاروں ناریلوں سمیت مختلف اشیا ہولی میں جلانے کی روایت پر عمل کیا گیا۔

ناندیڑ کے تخت سچکھنڈ شری حضور صاحب گرودوارہ میں دھولی وندن کے موقع پر مختلف پروگراموں کی شروعات ہوئی۔ بیان ٗ ہولا محلہ، ہلّہ بول وغیرہ پروگرام اس میں شامل ہیں۔

ہنگولی ضلعے میں روایتی ہولی کا تہوار مناتے ہوئے عوامی بیداری کے پروگرام کی شروعات ہوئی۔آکھاڑا بالا پور میں ہولی میں کون کونسی اشیا جلائی جائے اس سے متعلق طلبہ نے عوامی بیداری کی۔ہنگولی ضلعے میں ایک نوجوان نے کچرا جلا کر کچرے سے پاک ہولی کا تصور پیش کیا۔

***** ***** *****

عیسائی مذہب کے ماننے والوں کا مقدس ہفتہ کل پام سنڈے سے شروع ہوا۔ایسٹر سنڈے اور گوڈ فرائڈے سے قبل اتوار یہ اہمیت والا دن تصور کیا جاتا ہے۔اس ہفتہ کے دوران آج انجیر کا پیر منایا جاتا ہے۔کل مختلف چرچوں میں مختلف دعا کی جاتی ہے۔

***** ***** *****

عالمی تپ دق دن کل دھاراشیو میں منایا گیا۔ضلع کلکٹر ڈاکٹر سچن اومبا سے سمیت دیگر معززین اس موقع پر موجود تھے۔سرکاری آیورویدکالج میں طبی اہلکاروں کی تربیت کی گئی۔ پانچ تپ دق سے پاک دوست تیار کرکے ان میں پھل باسکٹ تقسیم کی گئی۔ساستور دیہی اسپتال میں بھی خصوصی پروگرام منعقد کیا گیا۔اغذایہ سے ہر غذا کیلئے تپ دق سے پاک اسکیم سے متعلق منصوبہ آفیسر رما کانت جوشی کے اعتماد کا اظہار کیا۔گیان پر بودھینی سنستھا کے نمائندے سوہاس پھاٹک نے تپ دق والے مریضوں کے اغذیہ کیلئے عوامی بیداری پیدا کرکے 45 ہزار روپیوں کا عطیہ مریض بہبود کمیٹی کو دیا۔جس کی وجہ سے عمر گہ،لوہارا تعلقہ میں تقریباً 62 مریضوں کو اغذیہ کٹ دی گئیں۔

***** ***** *****

سانگلی میں کل شاعر پٹھے باپوراؤ کے یوم پیدائش کے موقع پر ثقافتی پروگرام منعقد کیا گیا۔پٹھے باپوراؤ کی ڈھولکی کے تماشہ میں گانے،لاونی،چھکڑ اور اسٹیج ڈرامہ پیش کیا گیا۔

***** ***** *****

بجلی فراہمی کمپنی مہاوِترن کے چھترپتی سمبھاجی نگر زون کے ''اُتّر دائتو'' نامی ڈرامہ کو علاقائی زون ڈرامہ مقابلوں میں سرِ فہرست مقام حاصل ہوا ہے۔اس ڈرامہ کو ناگپور میں منعقدہ ریاستی سطح کے ڈرامہ مقابلوں کیلئے منتخب کیا گیا ہے۔کل چھترپتی سمبھاجی نگر میں علاقائی ڈرامہ مقابلوں کا اختتام عمل میں آیا۔اس موقعے پر مہاوِترن کے علاقائی چیف انجینئر ڈاکٹر مُرہری کیڑے سمیت علاقائی افسران بڑی تعداد میں موجود تھے۔

***** ***** *****

ناندیڑ کے ادیب دیوی داس پھلاری کو حال ہی میں ریاستی حکومت کا باباصاحب امبیڈکر سماج بھوشن ایوارڈ دیئے جانے پر بزرگ مصنف شری کانت دیشمکھ کی جانب سے پھلاری کا استقبال کیا گیا۔ناندیڑ کلا پرتشٹھان کے صدر بالاجی اِبتدار کی صدارت میں منعقدہ اس استقبالیہ جلسہ میں کئی معزز شخصیات شریک تھیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کے اسسٹنٹ لائبریری ڈائریکٹر سنیل ہُسے کو شولاپور ضلع دارالمطالعہ دفتر کی اضافی ذمہ داری سونپی گئی ہے۔اس خصوص میں ریاستی دارالمطالعہ ملازمین تنظیم کے سداشیو بیڑ گے اور دیگر عہدیداران نے کل ان کا استقبال کیا۔

***** ***** *****

مراٹھا سماج کو دیگر پسماندہ طبقات (OBC) میں شامل کرکے ''قریبی رشتے داروں'' سے متعلق قانون پر عمل آوری کرنے کے مطالبہ پر کل پربھنی ضلع کے گاؤں گاؤں میں زنجیری ہڑتال کی گئی۔''رشتے دار ہی' ہمارا مطالبہ'' نعرے کی تحریر پر مبنی پوسٹر و بینرس گھروں پر آویزاں کرکے مراٹھا کارکنان نے آندولن کیا۔

***** ***** *****

لاتور شہر و اطراف میں کل شام ساڑھے چھ بجے کے قریب طوفانی ہواؤں کے ساتھ غیر موسمی بارش ہوئی۔اس بارش کے باعث لاتور شہر کے مختلف علاقوں میں راستوں پر پانی بھر گیا۔سِدّھیشور۔رَتنیشور یاترا میں بھی طوفانی ہواؤں اور بے موسمی بارش سے یاتریوں اور بیوپاریوں میں افراتفری مچ گئی۔ اس بارش کی وجہ سے سِدّھیشور یاترا میں کل کشتیوں کے مقابلے نہیں ہوسکے اور آج یہ مقابلے کرنے کا اعلان مندر انتظامیہ نے کیا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن نے املاک ٹیکس ادا نہ کرنے کی پاداش میں شہر کی تین املاک پر کارروائی کی۔میونسپل کارپوریشن انتظامیہ نے املاک مالکان سے بروقت ٹیکس ادا کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

انڈین پریمئر لیگ (IPL) میں کل کھیلے گئے مقابلوں میں گجرات جائنٹس ٹیم نے ممبئی انڈینس کو چھ رنوں سے، جبکہ راجستھان رایلس ٹیم نے لکھنؤ سپر جائنٹس کو 21 رنوں سے ہرا دیا۔ آج اس ٹورنامنٹ میں رایل چیلنجرس بنگلورو ٹیم کا مقابلہ پنجاب سپر کنگز سے ہوگا۔

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پارلیمانی انتخابات کیلئے بی جے پی کی جانب سے امیدواروں کی پانچویں جبکہ کانگریس کی تین امیدواروں کی فہرست جاری۔

☆ قومی سماج پارٹی عظیم اتحاد کے ساتھ: مہادیو جانکر کی صفائی؛ جبکہ وجے شیوتارے بارامتی سے انتخاب لڑنے پر بضد۔

☆ مراٹھا ریزرویشن 50 فیصد تک محدود ہونے پر ہی قابلِ قبول: منوج جرانگے پاٹل۔

اور۔۔ ☆ ہولی دَہن کے بعد آج ہر طرف دھولی وَندن کا جوش و خروش۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****